33695 ـ حرام طريقہ سے مال جمع كرنے والا شخص كيا كرے ؟

سوال

ايك شخص حرام كام (حشيش كى تجارت) ميں مشغول رہا، اور اس كے پاس مال كى كثرت ہو گئى اور اولاد بھى ہوئى، اس كى ملكيت ميں گاڑياں، زراعت، اور زمين سب كچھ حرام كى ہے، اب وہ توبہ كرنا چاہتا ہے، وہ بيوى، گاڑيوں اور كھيتوں كا كيا كرے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اس حرام مال كو نيكى اور بھلائى كے كاموں ميں خرچ كر كے اس سے چھٹكارا حاصل كرلے.

اور رہا مسئلہ بيوى اور اولاد كا تو ان دونوں ميں اس پر كوئى حرج نہيں ہے.

اللہ تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے.

واللہ اعلم .